یمن و برکت لیے ہیں موجود — ہارونؑ و شعیبؑ و صالحؑ و ہودؑ
خاتم یہ لکھے ہوئی سلیمانؑ — نقش تسخیر جن و انسان

بسم اللہ صاد صبر ایوبؑ — الحمد کتاب شکر یعقوبؑ
یوسفؑ مع عزت و مناصب — یونسؑ مع ماہی و مراتب

داؤدؑ لیے زبور پہونچے — موسیٰؑ مع شمع طور پہونچے
کعبے میں خلیلؑ کا ہی جلوہ — بت کرنے لگے خدا کا سجدہ

اسحاقؑ مع ذبیح آئے — لقمانؑ مع مسیحؑ آئے
تھے حسن فروش جلوہ مشتاق — ارواح کے ساتھ ساتھ اخلاق

انواع محاسن و کمالات — اقسام صفات و عمدہ حالات
جو کچھ اب تک ہوا ازل سے — ہونے والا ہی جو کچھ آگے

ہر نکتہ جانفزائے ناسوت — راز ملکوت و سر لاہوت
توحید کی شان راست بازی — تجرید کی وضع بے نیازی

استغنا ہمرکاب تسلیم — اقبال کے ساتھ تخت و دیہیم
دانش دانائے سر مکنون — سرمایۂ نازش فلاطون

وہ نظم فصیح جسکا سحبان — طفل ناخواندہ دبستان
وہ دولت و جاہ روز افزوں — جسکے بندوں میں تھا فریدوں

حاتم کا وصف جود کامل — عدل نوشیروان عادل
حکمت مفتاح قفل مقصود — علم آئینہ وجود و معبود

ہر گوہر قلزم ولایت — ہر نیّر مطلع ہدایت
صدیقؓ کا صدق و استواری — عثمانؓ کا حلم و بردباری

آوازہ عمرؓ کی صاحبی کا — اور دبدبہ مرتضیٰ علیؓ کا
ریحان بہشت روح پرور — خلق حسنؓ شگفتہ منظر

رنگینی لالہ زار ایمان — جانبازی سید شہیدانؓ
آثار مجاہدین ابرار — انوار مہاجرینؓ و انصار

تسبیح شگوفہ یا سبوحٌ
تحمید یہ تاک رب اغفر

پھیلی ہوئی بوئے گل چمن مین
اور صلی علی کا غل چمن مین

غنچے مین ہے خامشی کا عالم
یا صوم سکوت مین ہے مریم

کیاری ہر ایک اعتکاف مین ہے
اور آب رواں طواف مین ہے

پابند زکوٰۃ نامیہ ہے
کانٹا زر گل کو تولتا ہے

لایا یہ مجاہد صبا رنگ
نافرمان ہو رہا ہے جو رنگ

سالک ہے چمن مین نہر موزون
مجذوب ہے شاخ بید مجنون

ہے صوفی صاف دل صنوبر
تحریک نسیم حالت آور

ہر تخم بخلوت آرمیدہ
ہر ایک ثمر خدا رسیدہ

ابدال ہین برگ و نخل اوتاد
ہے نعم العبد سرو آزاد

خدمت مین بہار کی صبا ہے
سبزہ سنبل کا بالکا ہے

سجادہ بدوش لالہ یکسو
یکسو شب زندہ دار شبو

ہے استغراق نیلوفر کو
پاس انفاس ہے سحر کو

سیفی جو زبان خار پر ہے
نرگس کی نگاہ مین اثر ہے

وحدت ہے چمن مین مغز تا پوست
صادق ہے بہار پر ہمہ اوست

غنچہ نرہا تو گل ہوا ہے
واصل ہے جیسے یہان فنا ہے

کہتا ہے اشارۃً لجا لو
موتوا قبل ان تموتو

خرقہ ہے نصیب یاسمن کو
عمامہ ملا ہے نارون کو

پیرایہ نور مین سمن ہے
سلطان مشایخ چمن ہے

عطار شمیم گلستان کی
ہم مرتبہ فرید بوٹی

پھولون مین ہے یون گلاب خوش آب
جیسے قطبون مین قطب الاقطاب

کیوڑا گلزار پر فضا مین
غوث الثقلینؒ اولیا مین

ہر شمع خموش فکر مین ہے
ہر طایر شوق ذکر مین ہے

سوزش مین قلندرانہ قمری
اور چشتی سبز پوش طوطی

ہے خواجہ نقشبند ذیجاہ
طاؤس علیہ رحمۃ اللہ

ہر کبک دری خلیل آذر
ہُد ہُد نام خدا پیمبر

اعجاز نسیم صبحدم ہے
انفاس مسیح کی قسم ہے

عالم مین وہی ہوا ہے چلتی
جو صبح الست کو چلی تھی

تنزیہ ہے مست نغمہ ہو
ہنگامۂ لا اِلٰہ ہر سو

باشان و شکوہ جلوہ فرما
شاہنشہ تخت گاہ الا

سامان ظہور کی ہے تمہید
قدرت پہ یہ ہو رہی ہے تاکید

فیض روح القدس عیان ہو
افشای رموز کن فکان ہو

آئینہ ہو چار سوے عالم
لبریز تجلیات پیہم

ہر قطرہ ہو جوش بحر در بر
ہر ذرہ ہو آفتاب پیکر

وہ شان ہو آج رنگ و بو کی
مصداق ہو جل شانہ کی

لو ہمنے حباب کو عطا کی
آب حیوان کی میر بحری

قربان بقا کے مستند ہون
احکام فنا کے مسترد ہون

کثرت وحدت مین ہو کے فانی
حاصل کرو عمر جاودانی

مہمان حدوث کا قدم ہو
امکان پہ وجوب کا کرم ہو

سیرابی تازہ روپ دکھلاے
ہر شاخ خمیدہ راست ہو جاے

اسرافیل اپنی صور لائین
پھر رنگ پریدہ کو جلائین

عزرائیل اب کرین یہ دورا
تا کار روکے رہین عدم کا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حال ولادت صبح اکرم — سنہ ۱۲۸۹ ہجری نبوی صلعم — صلی اللہ علیہ وسلم

۹۴۲ — ۳۴۷

مثنوی صبح تجلی

بیضاوی صبح کا بیان ہے — تفسیر کتاب آسمان ہے
ہے خاتمۂ شب لیل افروز — دیباچہ نگار نسخۂ روز

آثار سحر ہوئے نمایان — سیپارہ ہوئے ہیں دوران
واللیل کو ختم کر چکا ہے — آمادۂ دور والضحیٰ ہے

عنوان فلک ہے در منشور — لوح زرین سورۂ نور
اطراف بیاض مطلع صاف — والفجر کے حاشیہ پہ کشاف

معمورۂ دہر تا بیابان — ہمطالع کشور بدخشان
ہر دشت ہے مثل دشت ایمن — ہر کوہ برنگ طور روشن

عالم میں ہے آفتاب تاثیر — آب حلب و ہوای کشمیر
جزدان سپہر میں ہے پنہان — مشکوۃ شریف مہر تابان

آنکھیں نظارہ کی طلبگار — نظارہ کا بخت خفتہ بیدار
منظور ہے حسن کا تماشا — ہر دیدہ ہے دیدۂ زلیخا

ہے شرق سے غرب تک پریشان — نور عینین پیر کنعان
وہ سورۂ یوسف تجلی — یہ مطلع مصر کی عزیزی

پستی کا دماغ آسمان پر — اوج افلاک مہر گستر
وہ ہے بلغ العلے کی تفسیر — یہ ہے کشف الدجیٰ کی تعبیر

مضمون طلوع صبح صادق — مشہور روایت مشارق
موقوف حدیث شب کی تصحیح — رکھ دیجیے طاق پہ مصابیح

ظلمت کا چراغ بے ضیا ہے — انجم کا ستارہ ڈوبتا ہے
مہتاب کی چاندنی ڈھلی ہے — مریخ کی سست مشتری ہے

روپوش ہے پیر چرخ اخضر — ظلمت کا سیاہہ کر گیا ابتر
اہل مہ کہکشان ہے مفرور — پروانہ نویس شمع کافور

زہرہ کا سفید ہو گیا رنگ — نظم پروین کا قافیہ تنگ
ہے فکر سپہر رات بھر کی — کیا بات ہے مطلع سحر کی

ہے مطلع صبح صادق اوستاد — از دیدہ نوشت صاد بر صاد
ہے وقت اخیر شب نما صلا — الواح زبرجد فلک کا

ہنگام سپیدۂ سحرگاہ — ساعات میں روز و شب کی واللہ
یک مخبر صادق البیان ہے — پیغمبر آخر الزمان ہے

کیفیت وحی میں ہے بلبل — ہے وقت نزول مصحف گل
سبزہ ہے کنار آب جو پر — یا خضر ہے مستعد وضو پر

نوبت ہے صدائے قمریان کی — طیاری ہے باغ میں اذان کی
محو تکبیر فاختہ ہے — قد قامت سرو دلربا ہے

اک شاخ رکوع میں جھکی ہے — اور دوسری سجدے میں جھکی ہے
سوسن کی زبان پر مناجات — جاری ہے لب جو پہ التحیات

سراپائے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تو مبارک ہو قدم بوسی حضرت محسن اب نہین باقی ہی کچھ خواہش ہمت محسن	کسکو ہوتی ہی نصیب ایسی سعادت محسن آرزو اتنی ہی بس و زیارت محسن	بیت ہی یہ امید کہ جب گرم ہو بازار نشور تو سراپا ہمین تم دو عوض حور و قصور	یون کہے بادشہ بارگہ عالم نور مین کہون واہ مجھے یہ نہین گر منظور
سر کے بل جاؤن جو نقش قدم سرور پر صاف محشر کی زمین رکھ لون اوٹھا کر سر پر	تمت	صفت حاضر ہے مگر اسکی یہ ترکیب نہین کھوٹے دامون بکے یوسف کی یہ تصویر نہین	

دیباچہ مثنوی صبح تجلی از نتایج افکار منشی محمد اکرام اللہ صاحب المعروف بہ فیضی الکاکوروی زینت افزای مسادہ سب انسپکٹری پولیس ضلع اٹاوہ متخلص بہ افسون

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خداوندا شب معراج کن صبح بیان ما + پر جبریل گردان خامۂ عنبر فشان ما + براق فکر برق آہنگ آہنگی دگر دارد + بہ بنیم تا درین میدان کہ با شہسواران ما
تجلی صبح تجلی بدرخشانی مہر شاہی خداوندیست کہ عابد شب زندہ دار راہ سینہ افروز داغ نیاز دوست و زاہد خشک دماغ آفتاب سوختہ گرمی سوز
و گداز اوست ای درد دل ہر ذرہ از مہر تو تاثیری + سرمست ہوای تو در صومعہ ہر پیری + ظاہر شدہ بر عاشق در گرد سر کویت +
ہر ذرۂ خاکی را خاصیت اکسیرے + اما بعد دیدن را نوید سرمہ ما زاغ البصر و ما طغی کشیدن و شنیدن خط جلوہ خرموسی صعقا دیدن
کہ صبح تجلی از مطلع طبع سخنوری در دمید نست و تجلی صبح از چاک خامہ معنی گستری برخ کشیدن سے کہ صبح و شام کو وقف عبادت
دلش گنجینۂ نور ارادت + از ینجاست کہ خامہ اوشاخ نخل طور سینا ست و نامہ او ان ہو الا وحی یوحی اگر دش کلکش اگر طواف حاجبا نست
صریر کلکش دعای مناجاتیان قنادیل حرم دوایر حروف رنگینش محراب کعبہ مدات نور آگینش زیر و زبر یش مژگان حور جنان
نقاطش در تسبیح فرشتگان بیاض بین السطورش تجلیکدۂ طور سواد الفاظش سویدای دیدۂ حور صفای صفحہ روی یوسف
صرف قرطاس و آب و تابش سوزن عیسی و رشتہ مریم چرخ شیرازہ بندی کتابش ہنگام اگر غبار وادی ایمن خاک اوست لبابا
مردم دیدۂ اولی الابصار جامۂ قلم پاک او کز کلکش از جوہر آہن و الفقار فطرتش راچوب سدرة المنتہی طیارہ و اتش را خضر از چشمہ
آبحیوان آبدار روشنائیش را آئینہ داری ید بیضا در کار لیقہ او ملبوس صوفیان صاف اعتقاد پوششش قلمدانش
غلاف کعبۂ عالی بنیاد تعالی اللہ کلیم کلامیکہ طور سخن افروختہ روشنی فکر اوست سوختہ آتش نگارش گلزار ابراہیم از فیض گلزار او
کج نگاہیکہ سوی گلستان تصنیفاتش دید بہ سیاہی بنفشہ این گلشن سرمہ راست بینی کشید دور بینیکہ جانبی بستان تالیفاتش خرامید
از گلہای عنایتش بوی وحدانیت شنید زہی غنچہ طبعان گلشن معانی را نسیم جنبش کلکش شگوفہ ارادت شگفتن و لالہ داران انجمن را آب و دانش
داغ صافی شستن بروزی باد و شوخ چشمی نرگس الفاظش اگر چشم نمای آموزگاران مکتب معانیست سنبل سطورش را تازیانہ معلم مدرسہ نکتہ دانی گردانیدہ

مہر انور ہی ہتیلی مہ نو ناخن شاہ — دونون جسوقت مقابل ہوے اللہ اللہ
ہمنے یہ معجزہ عقد انامل دیکھا
اک گھڑی مین مہ نو کو مہ کامل دیکھا

۶۳
کون لکھے صفت سینہ صاف سرور — دست بر سینہ ہین جسسے یہان جن و بشر
اور کہتے ہین فرشتے بہی حیران ہوکر — لوح محفوظ ہی یا عرش خدا پیش نظر
صدر ایوان رسالت کا عجب سینہ ہے
صورت علم لدنی کا یہ آئینہ ہے

۶۴
صاف و بی مو ہے نبی کا بر سیمین شفاف — جیسے نقطون سے حروف الف صدر ہین صاف
ہان مگر سینہ سے ہی اک خط مشکین تا ناف — جسکو کہتا ہی سخنور کشش مرکز کاف
صدر پرنور کے شق ہونیکی تمثال ہی یہ
عقل کہتی ہی وہ آئینہ ہی اور رمال ہے یہ

۶۵
مخزن گوہر اسرار شب اسرا ہی ہے — شرح صدر شہ عالی کا یہ اک نکتہ ہے
جو کہ لبریز لطافت سے یہ وہ چشمہ ہے — جسمین امواج لطافت ہین وہ دریا ہے
خط نہین سینہ مین شاہنشہ بحر و بر کے
عنبرین موج ہی یہ بحر مین گویا بر کے

۶۶
گرچہ پرواز مین اندیشہ ہی بال جبریل — اور آئے مضامین مین ہے فکر اسرافیل
نہلی پر کوئی نازک سی کمر کی تمثیل — ہو گیا معدوم لفظ عدم لفظ علیل
قافت تنگ ہے ہمنے بہت کاف کمر ڈھونڈھا ہے
کمر ان دیکھی ہین پر ایسی کمر عنقا ہے

۶۷
ہیچ اسکا ہی کسی تیغ دو کمر کا نہ کور — اوسکے اوصاف ہین مشہور میان جمہور
تاکمر غرق عرق ہو گئی سب اہل غرور — سامنے اوسکی کوئی باندھی کمر کیا مقدور
سنکے اوصاف شجاعان جہان گبھرائین
جتنے سید انہین جو آئین تو سرین ہو جاہین

۶۸
لاخط نسخ مین لکھو تو کہون اک نکتہ — لام الف کا ہی تقاطع وہ کمر صل علی
واہ کیسا کمر و نیز یہ خط نسخ لکھا — کمر یار کو معدوم ہی سمجھے شعرا
نہین ثابت قدم اس نفی سے استثنا بہی
یہ وہ لا ہے کہ نہین جس سے بچا الا بہی

۶۹
سر عالم ہی فدای قدم پاک نبی — وصف مین جسکے سخندانکا لگا گھٹنے جی
ہاتھ آیا ہی جو کاغذ تو یہ حسرت سے کہی — نہین چلتا ہی لگی پانو قلم مین مہندی
سر بزانو ہے ادب سے آکے سخنگو بیٹھین
فکر عالی کے فرشتے بہی دوزانو بیٹھین

۷۰
دیکھ کیا او سے شمشاد و صنوبر نے نہال — چمنستان ارم اوسکی قدم سے ہی نہال
سرو جنت سے نکل آئین پئے استقبال — کہے سبزہ کہ مجھے شوق سے کیجیے پامال
مثل بلبل کے سر راہ بچھائین گل چشم
فرش فردوس گلابی ہو تو ہو بلبل چشم

۷۱
شور ہی عالم بالا پہ قد رعنا کا — سر افلاک ہے فدیہ قدم والا کا
ساق ہی نخل تمنا ملا اعلی کا — خاک پا غازہ ہی حورون کے رخ زیبا کا
رکھ دیا آپنے جس فرش پہ دو بار قدم
بڑھ گیا پایہ مین وہ عرش سے بہی چار قدم

۷۲
بزم مین تذکرہ پای نبی گر سن پائے — شمع گو رشک سے جل جائے مگر شر ادھاے
ناخن پا جو ذرا عقدہ کشائی پر آئے — گرہ ابروے خوبان کی حقیقت کھلجائے
ماہ نو گر کہین ہمچشمی کا خمیازہ کرے
ناخنہ چشم فلک مین خلش تازہ کرے

رخ جو ایمان ہے تو یک جزو ہی یہ ایمان کا
۵۲ ہے نیا حاشیہ یہ نسخۂ قرآن کا

نگہ پاک الف صاد ہی چشم زیبا
چہرہ پہ ہر خط گلزار ہی یعنی لکھا
لام گیسو ہین ہے میم دہن جمعہ تو ابھرا
کہ وہی اصل ہے خلقت جہان دنیا

جمع خاطر ہو تو یکجا یہ مضامین کیجے
۵۳ دیکھی تضمنین بہت اک نئی تضمین کیجے

پردۂ کعبہ ہی گیسوے حبیب ذیشان
اوہین پاکیزہ مصلّا ہے نگہ کا دامان
اور محراب حرم کا ہی اوس ابرو پہ گمان
مردم چشم ہی بیٹھا ہوا اک ناظر خوان

زیر رخسار مبارک وہ خط ریش لطیف
۵۴ رحل ہے جسپہ کھلا رکھا ہی قرآن شریف

لو لگائی ہے یہی روشنی طبع دلا
نہین پروانگی باقی ہی مگر فکر رسا
شمع کافوری گردن کا دکھائی جلوہ
پر یہان جلتے ہین جبریل کے اندیشہ گیا

سر فرازی اسی گردن کو بہت زیبا ہی
۵۵ آتش حسن گلو سوز کا یہ شعلا ہے

بار کا دستہ وہ گردن ہے کہ فوارہ نور
کیسی مینا و صراحی کا یہان کیا مذکور
جسسے ڈوبی عرق شرم مین شمع طور
بزم تنزیہ کی کیلیے وسی مینا ے طہور

جسکی کیفیت اگر دیدۂ باطن مین نہ آئے
۵۶ خلد مین شربت دیدار حق اچھو ہو جائے

بال گردن پہ جھکا دو تو ہوا یہ روشن
ہی تجھے کس لیے اے خامۂ ایجاد الجھن
کہ شب فکر مین افروختہ ہین شمع سخن
انتخابی ہین سبب اشعار بیاض گردن

ہر شب بروز چہ آشفتہ بسر مے بردی
تاکہ مسودہ گیسو بہ بیاض آوردی

صفت مہر نبوت کا بیان ہو کیونکر
مہر کی پشت کے نقرون سے یہ حق ہی بلکہ کر
خامشی مہر دہن اور سخن ہی ششدر
کہ ہوا نامۂ پیغامبری ختم اسپر

ہوئے پھر بھی جو سیہ دل تھی گمراہ
۵۸ ختم اللہ علیٰ قلبہم انا عند

مہر انور کی جو معلوم ہو حرف تمام
راست ہی دعوی مقصود نبی دین سلام
کلمۂ اوس سے نمایان تھا نہین جن کا کلام
ایک ہی مہر شہادت مین لکھی دو نام

نئے انداز کی یہ مہر ہوئی عالم گیر
۵۹ ایک سکے مین کھدا نام شہنشاہ و وزیر

دست رنگین کی صفت بار خدا یا کیا ہے
طوطئ ناطقہ اس باغ مین چپ بیٹھا ہی
شاخین نکلین جو کھون شاخ گل رعنا ہے
بلبل طبع کو غنچہ کی طرح سکتا ہے

ہاتھ باندھے ہوئے جبریل کھڑی رہتی ہین
۶۰ دست گلچین کو یہان دستہ گل کہتے ہین

ہاتھ کھینچے ہے مصور ہی رنگ ہی معنی کا فرق
کلک نے لوح فی جب صفحہ کی بخشی رونق
قلم انگشت ششم ہی کف افسوس ورق
ہو گیا سینۂ عطارد کا بھی حسرت سے شق

رنگ و بو ظاہر و باطن کی سب یکجا ہو کر
۶۱ میرے ہاتھون پہ تصدق ہوئی گجرا ہو کر

پنجۂ دست آپکا ہی یا کوئی خمسے کا بند
وہ نگلی ہر ایک تا وہ مصرع موزون و بلند
طبع استاد ازل بھی ہے عجب نازک پسند
اوہ نگلی کہہ سکتے نہین جسپہ نہین دانشمند

مجھکو فخر صفت پنجۂ اقدس بس ہے
۶۲ اس مسدس کے شرف کو یہ مخمس بس ہے

گو کف دست منور کو مین کہتا ہوں ماہ
غور کیجے تو یہ تشبیہ نہین غلط خواہ

۴۱
روبرو آئی جو آئینہ تو اک سکتا ہو — شمع کو بھی ہو اپنی جگہ جو کچھ پروا ہو
شامت آجائے جو خورشید کو یہ سودا ہو — صبح ہو جائے قمر حسن پہ گر شیدا ہو

حشر برپا ہو جو کنعانی مقابل آئین
چرخ پر سورۂ یوسف کو ملک لیجائین

۴۲
روبرو جلوۂ خورشید کی سایہ کیا ہے — سامنے شمع منور کے اندھیرا کیا ہے
عاقلو غور سے دیکھو کہ یہ نکتہ کیا ہے — امّی ہونے مین بھلا آپکے شبہہ کیا ہے

کوئی تدبیر تو پڑھنے کی بجا ہی رہی
نور رخسار سے حرفون مین سیاہی نہ رہی

۴۳
لب جانبخش کی تشبیہ دم عیسی سے — دی تو دم دیتے رہے گرچہ مسیحا مجھکو بھی
آبحیوان نہ کہا خضر نے گو چھینٹے دیے — اب فقط رنگئی خورشید کے جھونکے شوخ

کہون یاقوت تو وہ باتین یہان پائی نہین
لعل سمجھون اوسے آنکھین مری پتھرائی نہین

۴۴
فکر و ضعف دو دندان مین گیا سارا دن — رات بھر تارے ہی گنتی رہی سمجھے محسن
جسکی تشبیہ نہوا اوسکی صفت کیا ممکن — یہی ثابت ہے کہ سیارے ہین ثابت لیکن

غور سے دیکھیے تو شبہہ کے یہ چھائی ہین
یا لب ساغر افلاک کے تبخالے ہین

۴۵
قطرہ جب سایل تشبیہ ہوا ورو گہر — آیا دامن مین لیے گو در یتیمی گوہر
پانی پانی مین ہوا جوش مروت سے مگر — معنی تازہ طبیعت سے کھلے یونہی اگر

کہ درین قطرۂ سایل نم لاتقنطو نیست
در پئے در یتیم آیۂ لاتقنطو نیست

۴۶
اک تبسم سے کلید در جنت ہے یہان — ہوئی غفار کی دندانہ تشدید عیان
نامۂ بخشش امت ہے جو حضرت کی زبان — لفظ اللہ سر نامہ ہے سلک دندان

نامہ ملفوف لبون مین ہے بطرز دلخواہ
ہے لفافہ پہ خط پشت لب انشاء اللہ

۴۷
اے سخندان کہے اسرار دہن کس سے بیان — اگ گیا خاک مین جو چشمۂ آب حیوان
سوچ پہونچی نہین حقۂ گوہر کو سمجھکر تنگ دندان — درج یاقوت بھی ہے آتش حسرت کا دھوان

رنگ غنچہ کا اوڑا گل کی تعلی چھوٹی
سنہ پہ پستہ کے ہوائی پہ ہوائی چھوٹی

۴۸
کوئی کہتا ہے کہ اوسکو شکرستان کہیے — کوئی کہتا ہے ملاحت کا نمکدان کہیے
خضر بولے کہ اوسے چشمۂ حیوان کہیے — اور سلیمان نے کہا خاتم یزدان کہیے

ہر جگہ مشتہر اوسکا لقب تازہ کیا
حقتعالی نے اوسے صاحب آوازہ کیا

۴۹
غنچے نے پیش کیے گرچہ ہزارون مضمون — گفتگو اسمین ہے ہوئی مری طبع زبون
مین شگاف قلم صنع اوسے کیون نہ لکھون — جس سے ظاہر ہوا سر خفی کن فیکون

شعرا نے اوسے کیا جانیے کیا کیا سمجھا
اسم اعظم کا مگر ہمنے معما سمجھا

۵۰
ریش مرسل کو نبوت کا رسالہ کہیے — کشش خط شکست دل اعدا کہیے
سر فرمان خدا کا خط طغرا کہیے — کلک تقدیر کا یا خط شفیعا کہیے

اسکی رودار لیے اللہ نے بخشا ہمکو
ہے شفاعت کی سند خط شفیعا ہمکو

۵۱
رخ پرنور ہے قرآن کا پہلا نسخہ — ہاتھ سے اپنے جب خلق مصنف نے لکھا
مشکل اتر بسکہ تھا مضمون دہن کا نکتہ — اسلیے حاشیہ لکھا ہے خط رنگین کا

نقشہ ابرو کا دکھائے جو عطارد لکھکر | سہو تیغ سے مریخ کی ہو دو پیکر

جواب میں بھی جو وہ زہرہ سی جبین پیش آئے
مشتری طالع کنعان کی زحل ہو جائے ۳۱

دیکھو ہم پہلو پیشانی انور ابرو | ہیں اسی آئینہ صاف کے جوہر ابرو
ابرو دم خنجر ہیں سقر ابرو | موج دریائے شجاعت ہیں سراسر ابرو

سے کامل میں ہلالوں کی یہ تصویریں ہیں
یا کھینچیں معرکہ بدر میں شمشیریں ہیں ۳۲

ایک گوشہ خفی ہے پا بیں وہ ابروئے سیاہ | کہ نظر آتی ہے وقت غضب شاہنشاہ
طرفہ تشبیہ یہ سوجھی ہے سخندان کی نگاہ | الف اسم چھپا ہوئی ہے بسم اللہ

لفظ و معنی میں عجب ابروؤں کے طاق ہوئے
الف طاق چھپایا تو عدد طاق ہوئے ۳۳

رگ جو کانٹا ہے تو شاہین ترازو ابرو | مردمک سنگ ہے اور پلہ ہے چشم دلجو
آنکھ پر چاہے اگر جانب امت ہر سو | صاف رکھی رہے میزان قیامت کیسو

آپ پلہ پہ ہمارے ہوں تو کیا کھٹکا ہے
مردم چشم کہیں ہم نے اسے تولا ہے ۳۴

طرفہ مضموں ہے جھی پیش نظر آیا ہوگا | منظر چشم نبی پر کبھی ڈرا کیجیے نگاہ
ایسی نرگس کہیں دیکھی ہے نہ بادام سیاہ | چشم ہے بند درِ عجب آنکھ ہے ماشاء اللہ

لاکھ اگر اچھی سی اچھی کوئی تشبیہ کہے
چشمکیں مارے سخن گو نظر فیہ سے کہے ۳۵

اک نیا نسخہ نکالوں اگر اپنے جوہر سے | صفحہ پر چشم کی آنکھیں جیسے انبار سے
پلکیں اکسیر کی بوٹی ہیں سنا اکثر سے | بوٹہ چشم پہ آنکھ رخ انور سے

صدقے اے دولت بیدار ترے سونے کے
ڈھیلے آنکھوں کے نہیں ڈھیلے ہیں یہ سونے کے ۳۶

گوش پر نور ترے زلف شب آسا مستور | انہیں دیکھو کبھی دیکھے تو سحر کا نور
رنگ گالوں کے صباحت کے چمن میں کافور | کہے گل ہے کہ ہوا ہوں ٹھہر سر حضور

گوہر وصف سے گرد امن دریا پر ہو
یوں صدف سے کہے موتی کہ بس اب چل دور ہو ۳۷

سر فلک گوش قطب گرچہ یہ تشبیہ ہے تیز | چشم کا ہے یہ اشارہ کہ گرد اس سے گریز
ہے زمیں کعبہ ابرو کی بری مردم خیز | رخ کی میداں میں ہرا کے فرد ہے شمس تبریز

گوش و بینی کو سبھی دیکھ کے سب کہتے ہیں
قطب و صاحب انفاس یہاں رہتے ہیں ۳۸

بینی اقدس شاہنشہ عالی منظر | آب آئینہ رخسار کی ہے موج انور
خوبروئی کا بلندی پہ ہمایوں اختر | یوسف حسن کا معراج ہے یا پیش نظر

صفحہ خدِّ مبارک پہ الف بینی ہے
دیکھنا عارض انور کا خدا بینی ہے ۳۹

صورت چشمہ کوثر ہے لب جان پرور | نخل بادام وہ بینی ہے لب جو ثمر پر
شاخ اوس نخل کی ابروئے جناب اطہر | اور اوس شاخ میں نتھنیں مبارک ہیں ثمر

دل عارف اوسی کے سایہ میں دم لیتا ہے
نور ایماں اسی سایہ کے قدم لیتا ہے ۴۰

چشمہ مہر ہے اس گردن پر رونق ہے | صفحہ ماہ تک انگشت قلم سے شق ہے
وصف رخسار ادا کر سکا ہر جو حق ہے | رنگ رخسار سحر سے سبب جسکے فق ہے

مطلع صبح بیاضی ہے کہ نورانی ہے
حسن مطلع یہ مگر فرد ہے لاثانی ہے

سایۂ زیبا ہی نتھا آپکے قامت کے لیے
روشنائی تھی یہی مہر نبوت کے لیے ۲۰

جسم محبوب خدا نور کا اک پتلا ہے
اوسکی قامت کو بھلا سایہ مناسب کیا ہے

سایۂ حق وہ شہ منزلت طٰہٰ ہے
سچ ہی محبوب جو لاثانی ہے وہ یکتا ہے

لاکھ عاشق ہوں مگر طلعت محبوب نہیں
ظل حق ہو تو ہو پر ظل نبی خوب نہیں ۲۱

قد کی اوصاف رکھو یاد نہ بھولو بخدا
آب آئینۂ باطن سے وضو کرلو ذرا

سجدۂ سہو نہیں الیسی عبادت بخدا
انی وجہت کرو نیت صلوٰۃ ادا

اوٹھ کھڑے ہوئیے تعظیم دم طاعت ہے
یہی تکبیر میں عشاق کی قد قامت ہے ۲۲

عرش پر کرسی بچھا ہے طراز بن بسا
اے فلک فکر باندازۂ ہمت ہی بجا

اب بیان آہ مضمون ہے کہ دہی کوچہ
تو وطوبیٰ و من و قامت محبوب خدا

قد بے سایہ مری چشم تمنا میں رہے
سایہ طوبیٰ کا ترے عالم بالا میں رہے ۲۳

راستی جوہر آئینۂ ایمان ہے دلا
دیکھو دونوں الف اوسکے تو کھلا یہ نکتا

کہدی ایمان ہے کہ وہ قد الف ہے بجا
ایک احمد کا الف ایک اللہ کا ٹھہرا

سر یہان حدوث و قدم اول کو عبور
دوسرا وادی ایمن میں ہے شمع سر طور ۲۴

سر اقدس ہے حباب لب دریائے قدم
میم احمد کا ہی دامان احد سے منضم

درۃ التاج ہی اس بحر کا یہ قطرہ نم
یون حدوث اور قدم ایک ہوئے ہیں باہم

قطرہ بگر بیست کہ از بحر جدا ایم ہمہ
بحر بر قطرہ بخندید کہ ما ایم ہمہ

۲۵ لیے امت کے گناہ آپنے اپنے سر پر
دن گنے جاتے ہیں کب روز شماری نظر

بخشش حق ہو نہ ہم پر تو جبھی کیونکر
زلف مشکین کو دکھا کر جو کہیں پیغمبر

ہان چلو حشر کے بازار کا سودا دیکھو
نقد سرمایۂ امت کا سیاہا دیکھو ۲۶

سایہ ہی فرق ہمایون پہ جناب حق کا
عالم غیب کا سردار ہوا جلوہ نما

پر وبال افسر شہ پہ نہیں کھولے ہما
نہیں سرکار یہ سلطان حبش کی ہے شما

گیسوئے سرور کاکل پہ پیچ و خم سرور ہے
نہ ختن ہے نہ ختا ہے نہ یہ عنبر سر ہے ۲۷

خمہ شنویس ازلی کا ہی دو پرزور قلم
اہل ایمان کے لیے تو کہہ شاہ امم

کہ ہر اک حرف ہے اوسکا سند مستحکم
خط گلزار میں ہے سر خط گلزار ارم

کوچۂ خلد نظر آنے لگا دنیا میں
خوب فرد و سیہ لکھا ہی خط طغرا میں ۲۸

رخ پر نور کا ہی کاکل شبگوں سے ظہور
سنبلے میں ہے عیان جلوۂ ماہ پر نور

دیکھ لو دامن عیسیٰ کے تلے شعلۂ طور
ابر رحمت میں ہے خورشید قیامت مستور

شب معراج میں ہے شمع تجلی روشن
لیلۃ القدر میں ہے نور الٰہی روشن ۲۹

وصف پیشانی میں حق تا قلم سر زرین
مصحف گل ہی رخ خاتمہ نسخہ دین

لوح بسم اللہ ابرو جبھی بے یقین
سورۂ فاتحہ مصحف گل ہے وہ جبین

گلشن عالم تنزیہ یہ رخ زیبا ہے
اوس گلستان مقدس کا یہ دیباچا ہے

۳۰ ہیں دو ابروے نبی بیت حسین الورٰی

طاق یا خانۂ خورشید کی آنکھ میں نظر

روشنائی کی یہ ترکیب ہے شمع بیدود | جسکی ترتیب کو ہے جبرئیل امین بھی موجود
گوند ہو شجرۂ طوبیٰ کا بقدر مقصود | پانی لیں چشمۂ کوثر سے مگر طرف کی درود

صورت دیدۂ موسیٰ ہو پر انوار کھرل
شمع سے طور سعلی کی اور آئین کا جبل ۱۰

رنگ شنجرف کا بھی اب کوئی ساماں کیجیے | لالہ زار اپنے سخن کا چمنستاں کیجیے
خضر علیہ السلام کو سالک آب زر پر مرجان کیجیے | لعل کیواسطے تسخیر بدخشاں کیجیے

وقت ہے بر ہمی انجمن گردون کا
کہ شفق پر بھی ارادہ ہے مرا شبخون کا ۱۱

اور کاغذ کا تو ہمنے عجب انداز کیا | پردۂ چشم کو قرطاس خدا ساز کیا
کھینچی تصویر اوسی جلوہ گہ ناز کیا | چوم لوں ہاتھ میں اپنی عجب اعجاز کیا

شعلۂ طور کا کاغذ پہ کھچا نقشا ہے
خاک انگارہ کف دست ید بیضا ہے ۱۲

کیوں نہ سو جان سے ہو گلزار بہار معنی | محو رنگینی تصویر سراپائے نبی
یہ وہ صورت ہے کہ دیکھی نہ سنی ایسی کبھی | تھی یہی شکل مقدس کہ ازل میں جو کھچی

نازسے خامۂ قدرت نے کہا واہ رے میں
اور تصویر یہ بول اوٹھی کہ اللہ رے میں ۱۳

کیسی تصویر کہ ہے صبح بہار امکان | کیسی تصویر کہ ہے آئینہ پرداز جہان
کیسی تصویر کہ ہے لوح و قلم نور افشان | کیسی تصویر کہ ہے کلک مصور نازان

کیسی تصویر کہ سب صل علیٰ کہتے ہیں
کیسی تصویر کہ سب جل و علیٰ کہتے ہیں ۱۴

کیسی تصویر جسے کھینچ کی نقاش ازل | خود لگا کہنے کہ ہر وصف ہے میرا افضل
تیری صورت سے کھلے معنی ما قل و دل | انبیا شرح مفصل ہیں تو ہے متن مجمل

تو ہی خورشید ترے سامنے انجم ہیں نبی
تو ہی شمسیہ تصویر ہیں تو سب ہیں قطبی ۱۵

تو ہی داؤد نغم تو ہی سلیمان خاتم | فکر تیکے ہی تو ذکر زکریا ہر دم
تو ہی جماعت خاص خلیل و برکات آدم | شکر یعقوب ہے دصبر ایوب بہم

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری ۱۶

بولے جبرئیل کہ تجھپر ہوئی ختم تکمیل | آدم و نوح علیہ السلام کی بخشش تجھے اوصاف جمیل
خضر و الیاس کا رتبہ شرف اسمعیل | اور سوا اسکے بھی اے سرِ قدیم خلیل

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری ۱۷

دیں بیکار اکہ مرے گھر میں اوجالا کردی | طالع خفتہ کو ہمچشم زلیخا کردی
مثل مردہ کے پڑا ہوں مجھے زندہ کردی | دستگیری مری فرما مجھے برپا کردی

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری ۱۸

کنویں جھانکا کر دن کنعان کے تو سودا ہی مجھے | طور پر جاؤں تو نا حق کا بھٹکنا ہی مجھے
غبطہ ہی گر سر اعجاز مسیحا ہی مجھے | سچ تو یہ ہی کہ ترے گھر میں کمی کیا ہی مجھے

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری ۱۹

واہ تصویر ہے جس حق کی قسم یہ تصویر | ہے دل و جان سل فخر امم یہ تصویر
بسکہ آئینۂ وحدت میں ہے ختم یہ تصویر | عالم نور ہے سر تا بقدم یہ تصویر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سراپاے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱
للہ الحمد شب غم نے اوٹھایا بستر
مژدہ اے دل کہ ہوا نور خدا پیش نظر
مرحبا طالع بیدار مبارک ہو تجھے
بارک اللہ طبیعت کا ہے رنگ دگر

گر نہو پاس ادب تو مجھے کچھ دعوی ہے
سجدہ کرتے ہیں ملائک مرا وہ رتبہ ہے

۲
لامکان تک لیے جاتی ہے مجھے طبع رسا
لڑ گیا عرش کے پایہ سے سخن کا پایہ
ہو رہا ہے صف ارواح میں میرا چرچا
خیر مقدم کی چلی آتی ہے ہر سو سے صدا

بزم قدسی کا بلایا ہوا مہمان ہوں میں
ملک آنکھوں پہ بٹھاتے ہیں وہ انسان ہوں میں

۳
آج کس دھوم سے خدام سخن آتے ہیں
تنگی بزم جہاں دیکھ کے گھبراتے ہیں
مسند یں فکر کی محفل میں بچھا جاتے ہیں
گاؤ تکیہ کرۂ ارض کا اوٹھواتے ہیں

جشن کا روز ہے معنی کے شہ اقدس کا
اور اونچا کرو خیمہ فلک اطلس کا

۴
ہم دکھاتے ہیں طبیعت سے تماشے کتنے
حل کیے غنچۂ خورشید سے نکتے کتنے
عالم نور میں چھوڑ آتے ہیں شوشے کتنے
عقد پروین کے لکھے ہیں معمے کتنے

سادہ کاغذ ورق مہر درخشاں ہے آج
دست پر نور عطارد میں قلمدان ہے آج

۵
یوں خرامندہ بشوخی قلم رعنا ہے
بال پرواز پری چٹکیوں میں اوڑتا ہے
موج ہے جس سے خجل غرق عرق دریا ہے
آہوے شوخ ہے کیا کبک خراماں کیا ہے

کوئی شاخ آہوؤں کی جلوہ گری میں تو نہیں
کوئی سرخاب کا پر کبک دری میں تو نہیں

۶
رنگ گلزار معانی کا عجب عالم ہے
برگ گل چاند کے ٹکڑے سے بھلا کیا کم ہے
غنچہ کو دیکھیے تو صبح کا بھرتا دم ہے
سرو رعنا نہیں آئینہ قد آدم ہے

ہر شجر شمع تجلی ہے لگن تھامے لیے ہیں
نام ظلمت نہیں لاتے کہ یہاں لائے ہیں

۷
سطر سنبل گل تر حرف ہے غنچہ نقطہ
طوطی بولا مرے خامہ کا میان شعرا
کاغذ مشق ہے اک سیر چمن کا تختہ
کیوں نہو آج میں لکھتا ہوں سراپا کس کا

جسکو گلدستۂ باغ ابدیت کہیے
خندۂ صبح بہار احدیت کہیے

۸
گیسوے حور قلم ہو کی نئی خامہ ہو
کہو رضوان سے کہ لادے مجھے شاخ شب بو
کہ ہوں آراستہ تصویر نگیں گیسو
کہ شب فکر میں ہے نکہت مشکیں ہر سو

منشی دفتر اعلےٰ کا کرم کافی ہے
مشق کرنیکو مرے لوح و قلم کافی ہے

ہاتھون ہاتھ اوٹھائینگے زلیخا طبیعت ان یوسف طلعتون کو چاہ سے آنکھونمین پتلیون کی طرح بٹھائینگے پس حسب الارشاد صاحب موصوف وبموجب فرمان شائقان معروف فقیر حقیر نے اس امر کی تعمیل کو سعادت دارین جانکر اصل نسخہ سراپای خواجہ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم جناب مولوی صاحب مدظلہ العالی سے لیا اور مثنوی صبح تجلی ودیگر قصائد نعتیہ ساتھہ اسکے شامل کیا اور اس مجموعہ کا نام گلدستۂ محسن رکھکر بڑی کوشش اور اہتمام سے نہایت سعی وانتظام سے جناب فیضمآب منبع فتوت ومخزن مروت چشمۂ لطف وکرم صاحب الاہمم مشہور نزدیک ودور جناب منشی نول کشور صاحب مالک مطبع اودھ اخبار کی خدمت فیضدرجت مین بوساطت مجمع خوبی ومرجع خوش اسلوبی سلیقہ شعار ستودہ کردار جناب منشی بشیشر دیال صاحب کے گذرانا جناب موصوف نے نظر بر افادۂ عام اسکو زیور طبع سے مزین فرمایا فدوی نے حق تالیف مالک مطبع کو ہبہ کیا اس لیے کوئی صاحب بدون اجازت صاحب مذکور کے قصد طبع کا نفرمائین نفع کی امید پر نقصان نہ اوٹھائین اور جسقدر نسخہ مطلوب ہون مطبع اودھ اخبار سے منگوائین اور جو حضرات اسکے مطالعہ سے سعادت اندوز دارین ہون لازم ہے کہ اس عاصی پر معاصی اور مصنف صاحب کو دعای خیر سے فراموش نفرمائین

✤ بر کریمان کارہا دشوار نیست ✤



اسیواسطے عق نی دلکی ہی زبان	کہون نعت احمد سی رطب اللسان	وہ محبوب حق خاتم المرسلین
سپہر نبوت کا مہر مبین	تھا بی سایہ جسم اوسکا جون نور پاک	کہون حسن پر اوسکے روحی فداک
بیان کرسکے کیا زبان قلم	ترا مرتبہ اے شفیع امم	پڑھون تجھپہ صلوات شام و سحر
بھی سب آل اور تیری اصحاب پر	بعد حمد پروردگار اور نعت احمد مختار و منقبت آل و خامہ اصحاب کبار	

بندہ خاکسار کمترین گنہگار امیدوار مغفرت آمرزگار احقر العباد اللہ الصمد غلام احمد المتخلص بسیفی عفی اللہ عنہ
ابن المرحوم المغفور محمد سعید جعلہ سقی اللہ ثراہ وجعل الجنۃ مثواہ خدمات بابرکات مین جمیع شائقان
جمال ولادت حضرت رسول اکرم و مشتاقان جمال باکمال خواجہ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
مژدہ رسان ہے مرحبا گویان ہے کہ بندے کے ایک محب خاص مخلص بااخلاص شیفتہ جمال مصطفوی
و جان نثار دودمان مرتضوی دوست والامنش مجموعہ دانش و بینش جناب خورشید حسن صاحب
المتخلص بہ طپش ساکن مدراس کی خواہش ہوئی اور دوسرے چند احباب کی فرمایش ہوئی کہ فدوی
کے اوستاد جناب کمالات انتساب اکمل الکملا افضل الفضلا کشاف دقائق معقول و
منقول حلال غوامض فروع و اصول ابلغ البلغا افصح الفصحا بلبل گلستان ثنای نبوی عندلیب
گلزار مدیح مصطفوی شاعر نازک خیال ناظم عدیم المثال ہم رتبہ حسان و ہمیری مداح سرور قلم و پیغمبری
عاشق صادق نبی مقبول محب واثق اہلبیت رسول جناب قبلہ و کعبہ مخدومی و اوستادی حضرت
مولانا مولوی محمد محسن صاحب کاکوروی وکیل محکمہ عدالت مین پوری ادام اللہ فیوضاتہ و احسانہ
و ابقاہ و فقہ لما یحبہ و یرضاہ کے کلمات طیبات سے سراپای جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم
جو قبل ازین اکثر مطابع مین زیور طبع سے آراستہ ہوا تھا اسکے اکثر مضامین مین بسبب عدم لحاظ
نظر ثانی مصنف و بباعث سہو کاتب نہایت فرق واقع ہوا ہی اسلیے بہتر ہے کہ اگر اب
اسکو بکوشش تمام و تصحیح بلاکلام مع مثنوی صبح تجلی و دیگر قصاید نعتیہ مصنف موصوف کہ جو
تاحال قالب طبع مین نہ درآئے ہین حلیہ طبع سے محلی ہوکر شائقین کو آئینہ ظہور مین جلوہ دکھائین
تو اغلب ہے کہ منظور نظر انام و مقبول طبائع خاص و عام ہو جو ہر شناس اس گوہر بے بہا کو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سپاس فراوان اوس محسن حقیقی کو سزاوار ہے کہ جسکے احسانات بی نہایات کا دریا ناپیدا کنار ہی
فرد توانند کس از ماہیت او آشنا گشتن ❊ کہ باشد بحر احسانش محیطِ عالم تکوین ❊
سبحان اللہ عجب اوسکی قدرت ہی کہ اس خاکدان بے ثبات کو زادہ عدم سے عرصۂ وجود مین لایا
تعالی اللہ طرفہ اوسکی صنعت ہی کہ انسان ضعیف البنیان کو جوہر عقل سے آراستہ کر کے خطاب
اشرف المخلوقات عطا فرمایا عجب وہ خداوند کارساز ہے کہ جسکی کارسازی بی نیازی ہی نظم

شہ لاشبیہ و شریک لہ
محیط و علی کل شئ قدیر
معین الخلائق جمیل الخصال
مبرا ز نقص و معرا ز عیب

الہ الصمد وحدہ وحدہ
کریم و وحید و غفور و رحیم
مبین و ذوی القدرۃ و ذو الجلال

سمیع و بصیر و علیم و خبیر
حمید و محیط و عزیز و حکیم
خداوند کونین و دانای غیب

اور نعت بے پایان اوس حضرت خاتم الانبیا محبوب کبریا
رہبر و مراحل سبحان الذی اسری گوشہ نشین قاب قوسین او ادنی صاحب تاج لولاک سیاح
افلاک ہادی منہاج ما عرفناک سالک مسالک ما عبدناک منبع کرم شفیع امم طائر عرش نشین
رواج بخش دین متین جناب احمد مجتبی محمد مصطفے صلی اللہ علیہ و علی آلہ و صحبہ اجمعین کو لائق ہے
کہ جسکی پستی منزلت اوج عرش اعظم بلکہ بلندی لامکان سے فائق ہے نظم

INDIAN INSTITUTE

Gooldasta Mohsin

يا ايها الذين امنوا صلوا عليه وسلموا تسليما

الحمد للہ کہ درین ہنگام میمنت انضمام کتاب لاجواب مجموعۂ قصائد فیض انتساب
تحفۂ مقبول جناب سرور انام و ہدیۂ منظور نظر اہل اسلام مسمی بہ

گلدستۂ محسن

۱۲۹۵

خاتم المرسلین

از تصانیف شریف کلیم طور سخندانی خلیل گلزار رنگین بیانی بلبل نواسنج بوستان
سخنوری جناب مولوی محمد محسن صاحب کاکوروی وکیل عدالت مین پوری

مطبع نامی منشی نولکشور مین بتازگی از طبع انوار ہوا

Guldastah-ē-Muḥsin.

Indian Institute, Oxford.

The Lucknow Sparks Library.

Presented

by

Munshi Newul Kishore.